بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

محدث دہلی

نگران اصول
مولانا عبید اللہ صاحب رحمانی
شیخ الحدیث

مدیر مسئول
نذیر احمد املوی
رحمانی

نمبر ۱	بابت ماہ ربیع الثانی ۱۳۶۱ھ مطابق ماہ مئی ۱۹۴۲ء	جلد ۱۰

محدث کا دسواں سال

محرم الحرام ۱۳۵۲ھ مطابق مئی ۱۹۳۳ء سے یہ خالص دینی ومذہبی رسالہ جاری ہونا شروع ہوا ہے اور آج نو سال سے مسلسل پوری پابندی کے ساتھ ہر انگریزی مہینے کی پہلی تاریخ کو برابر شائع ہو رہا ہے۔ حالانکہ تقریباً چار سال ہوگئے کہ اس کے مربی اول عالیجناب شیخ عطاء الرحمٰن صاحب مرحوم ومغفور کا سایہ اس کے سر سے اٹھ گیا ہے۔ لیکن صد ہزار شکر ہے خدائے مسبب الاسباب کی اس عنایت وکرم فرمائی کا کہ اس نے مرحوم کے اولوالعزم فرزند جناب شیخ حاجی عبدالوہاب صاحب زید مجدہٗ کو ان کی جانشینی کی توفیق بخشی۔ اور انھوں نے پورے عزم وحوصلہ کے ساتھ مرحوم کی جملہ یادگاروں کو قائم رکھنے کا بار اپنے ذمے لے لیا۔ وہ آج انھیں کی حوصلہ مندیوں کا نتیجہ ہے کہ جنگ کی ہولناک تباہ کاریوں کے باوجود اللہ کے فضل وکرم سے نہ صرف یہ کہ "محدث" اب تک اپنی جگہ پر پوری پامردی اور استقلال کے ساتھ کھڑا ہی رہا، بلکہ ایک دلیر اور جانباز بہادر کی طرح آگے بڑھ رہا ہے۔

نو سال تک دین کی صحیح خدمتیں انجام دینے کے بعد آج "محدث" نے دسویں سال میں قدم رکھا ہے۔ اور جب تک خدا کی توفیق اس کے شامل حال رہیگی وہ برابر اپنی یہ خدمت جاری رکھیگا۔

ہماری دلی دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ تبلیغ دین کا یہ سلسلہ باقی رکھے۔ جنگ کی پریشانیوں سے ہمیں جلد نجات دے ہندوستان کا مستقبل روشن کرے۔ اور ملک میں جلد سے جلد امن وعافیت کا دور دورہ ہو جائے۔ آمین اللہم آمین

(مدیر)